PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

کوویڈ 19 اپ ڈیٹ

- پی سی بی اب تک مجموعی طور پر 1478 کورونا ٹیسٹ کرواچکا،اس میں سے 1091 ڈومیسٹک ایونٹس میں کیے گئے

کراچی، 4 نومبر 2020ء:

قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ میں شریک تمام 132 کھلاڑیوں، اسپورٹ اسٹاف اور میچ آفیشلز کے کورونا ٹیسٹ کی رپورٹ منفی آئی ہے۔یہ تمام افراد 6 نومبر سے شروع ہونے والے قائداعظم ٹرافی کے تیسرے راؤنڈ میں شرکت کریں گے۔

ایک فرد کے کوویڈ 19 ٹیسٹ کی رپورٹ مثبت آنے پر پی سی بی کے پروٹوکولز کے مطابق ایونٹ میں شریک باقی تمام افراد کے کوویڈ 19 ٹیسٹ منگل کی دوپہر کو کیے گئے۔ اس فرد کے ٹیسٹ کی رپورٹ مثبت آنے پر اسےٹیم ہوٹل میں قائم کردہ آئسولیشن روم منتقل کردیا گیا ہے۔پی سی بی کے مقررہ ڈاکٹرز اس فرد کی صحت کا مسلسل جائزہ لے رہے ہیں۔

ندیم خان، ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس:

ندیم خان کا کہنا ہے کہ جب تک کورونا وائرس سے نجات کے لیے ویکسین تیار نہیں ہوجاتی، دیگر کھیلوں کی طرح کرکٹ بھی آئندہ کچھ عرصہ کورونا کے ساتھ ساتھ جاری رہنا ہے، اس سوچ، پاکستان کرکٹ کے مستقبل اور کھلاڑیوں کی صحت کو پیش نظر رکھتے ہوئے پی سی بی نے کوویڈ 19 کے لیے سخت پروٹوکولز تیار کیے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ تمام پروٹوکولز بین الاقوامی معیار کے مطابق ترتیب دئیے گئے ہیں کیونکہ ہمارے لیے ان شرکاء کی صحت اور حفاظت ہی پہلی ترجیح ہے۔

ندیم خان نے کہا کہ پی سی بی سمجھتا ہے کہ ڈومیسٹک کرکٹ ایک مشکل حالات میں کھیلی جارہی ہے اور ہم یہاں شریک تمام افراد کے تعاون کو سراہتے ہیں، ہم ان ایونٹس میں شریک تمام افراد کو ایک بار پھر یاد دہانی کرانا چاہتے ہیں کہ وہ ان مقابلوں کے لیے ترتیب کیے گئے کوویڈ 19 پروٹوکولز پر سختی سے عملدرآمد کریں کیونکہ یہ انہی کی صحت اور حفاظت کے پیش نظر بنائے گئے ہیں۔

قائداعظم ٹرافی کا تیسرا راؤنڈ 6 نومبر سے شروع ہوگا ، 9 نومبر کو مکمل ہونے والے اس راؤنڈ کے بعد فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ میں 11 روزہ کا وقفہ ہوگا، اس دوران ایچ بی ایل پاکستان سپرلیگ 2020 کے باقی ماندہ چار میچز 14، 15اور 17 نومبر کو کراچی میں کھیلے جائیں گے۔

پی سی بی کے شعبہ میڈیکل اینڈ اسپورٹس سائنسز کی جانب سے تیار کردہ کوویڈ 19 پروٹوکولز پر عملدرآمد کروانے کے لیے لاجسٹک ڈیپارٹمنٹ نے شرکاء کو فور اور فائیو اسٹار ہوٹل میں رہائش دے رکھی ہے، جہاں ان کے لیے گیم اور میٹنگ رومز کے علاوہ علیحدہ ڈائننگ روم موجود ہیں، اس کے علاوہ شرکاء کے استعمال میں آنے والی ٹیم بسیں اور ڈریسنگ رومز کو سینیٹائز کیا جاتا ہے۔

علاوہ ازیں، پی سی بی کے شعبہ میڈیکل اینڈ اسپورٹس سائنسز ڈومیسٹک سیزن 2020-21 کے آغاز سے اب تک ڈومیسٹک کھلاڑیوں، اسپورٹ اسٹاف اور میچ آفیشلز کے مجموعی طور پر 1091 کوویڈ19 ٹیسٹ کرواچکا ہے۔

اس حوالے سے تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

- نیشنل ٹی ٹونٹی کپ (فرسٹ اور سیکنڈ الیون) : 414
- قائداعظم ٹرافی (چار اور تین روزہ کرکٹ): 260
- نیشنل انڈر19 ون ڈے ٹورنامنٹ: 252
- ویمنز ہائی پرفارمنس کیمپ: 75
- میچ آفیشلز: 90

پاکستان اور زمبابوے کے مابین سیریز کے لیے کُل92 ٹیسٹ کروائے جاچکے ہیں جبکہ مختلف ایونٹس میں دیگر 295 ٹیسٹ بھی کیے گئے ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS

National Team Partners

pepsi easypaisa SABROSO Lifebuoy

Domestic Partners

TUC TAPAL DANEDAR

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4